LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

Notice No. **591**

Department:- Elementary & Secondary Education

توجہ دلاؤ نوٹس 591

منجانب:۔احمد کنڈی رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتاہوں وہ یہ کہ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے 35،000 اساتذہ جو 2014 تا 2018 بذریعہ این ٹی ایس بھرتی ہوئے اور بعد ازاں ان کو The Appointment and Regularization of Services Act 2018 کے تحت مستقل کیے گئے، مگر ان کو سینارٹی سے محروم رکھا گیا۔ اس ایکٹ کے سیکشن 4(1) کے تحت ان اساتذہ کی ترقی کے مواقع بھی متاثر ہوئے۔ اس کے برعکس 2018 تا 2022 بھرتی ہونے والے اساتذہ کو Appointment and Regularization of Services Act 2022 کے تحت ان کی سینارٹی تاریخ تقرری سے دی گئی، یوں ایک ہی صوبائی اسمبلی کے منظور کردہ دونوں ایکٹس، میں سینارٹی کے حوالے سے تضاد پایا جاتا ہے جو انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے لہٰذا صوبائی حکومت اور خصوصاً محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم 2018 کے ایکٹ کے سیکشن 4(1) میں ترمیم کرتے ہوئے 2014 تا 2018 بھرتی ہونے والے اساتذہ کو بھی 2022 ایکٹ کی طرز پر ان کی تاریخ تقرری سے سینارٹی دینے کیلئے اقدامات اٹھائے۔